کھانے کے شروع میں بسم اللہ شریف پڑھنا بھولنے کی صورت میں پڑھی جانے والی دعا

دارالافتاءاھلسنت (دعوت اسلامی)

بِسۡمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ

ترجمہ :

اللہ کے نام کے ساتھ (شروع کرتا ہوں) اس کے شروع میں بھی اور آخر میں بھی۔

سنن ابوداؤد کی حدیث مبارک میں ہے : عن عائشة رضی اللہ عنها، أن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال: إذا أکل أحدکم فلیذکر اسم اللہ تعالی، فإن نسي أن یذکر اسم اللہ تعالی في أوله فلیقل بِسۡمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ ترجمہ : حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اسے چاہیئے کہ اللہ تعالی کے نام کا ذکر کرے (بسم اللہ پڑھے)، پس اگر کھانے کے شروع میں اللہ کے نام کا ذکر بھول جائے تو یہ پڑھے بِسۡمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ۔ (سنن ابوداؤد، جلد3، صفحہ 347، رقم الحدیث : 3767، مطبوعہ المکتبۃ العصریہ، بیروت)

شرحِ حدیث : اللہ کے ذکر سے مراد بسم اللہ شریف پڑھنا ہے کہ کھانے کے وقت یہ ہی ذکر اللہ سنت ہے۔۔۔ اول آخر سے مراد کھانے کی ساری حالتیں ہیں۔۔۔ یعنی جو شخص کھانا کھاتے وقت بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو درمیان میں جب یاد آجائے تب یہ کہہ لے۔ (مرآۃ المناجیح، جلد6، صفحہ 52، نعیمی کتب خانہ گجرات)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net